04-07-2025  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں:

ا۔کوئلہ ومعدنیات کے مرکزی وزیر کشن ریڈی کا کہنا ہے کہ آتم نربھر بھارت کے تحت ملکی کوئلہ پیداوار میں تیزی سے اضافہ ہورہا ہے۔

۲۔چیف منسٹر ریونت ریڈی نے کے روشیا کوایک بااصول اورمثالی رہنما قرار دیا،جنہوں نے عوامی زندگی پر گہرااثر چھوڑا۔

۳۔اقلیتی امور کے مرکزی وزیر کرن رججو نے کہا ہے کہ حکومت 2026 کے حج درخواست فارم آئندہ ایک ہفتے میں قبول کرنا شروع کرے گی۔

۴۔فٹ انڈیا سنڈیز آن سائیکل کا30واں ایڈیشن اتوارکوملک بھر کے چھ ہزار مقامات پر منعقد ہوگا۔

KISHAN REDDY

مرکزی وزیر برائے کوئلہ وکانکنی جی کشور ریڈی نے کہا ہے کہ وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں کوئلہ کی گھریلو پیداوار میں تیزی سے اضافہ ہورہا ہے، کیونکہ یہ آتم نربھر بھارت مہم کے تحت وزارت کوئلہ کی ایک اہم ترجیح رہی ہے۔حیدرآباد میں منعقدہ ایک بین الاقوامی کانفرنس پائیداراور ذمہ دارانہ کانکنی بذریعہ بہترین مائن بندش طریقہ کارکا افتتاح کرتے ہوئےکشن ریڈی نے کہا کہ مودی حکومت کی مربوط کوششوں کےنتیجہ میں ہندوستان نے اپنی تاریخ میں پہلی مرتبہ ایک ارب ٹن سے زیادہ کوئلہ پیدا کر کے ایک تاریخی سنگ میل عبور کرلیا ہے۔انہوں نے کوئلہ اورمعدنیات میں خودانحصاری اور ماحولیاتی پائیداری کے دوہرے اہداف پرزوردیتے ہوئے کانفرنس میں شریک معززین سے اپیل کی کہ وہ کانکنی کے شعبہ کی بہتری کے لئے تخلیقی اور جدید خیالات کے ساتھ آگے آئیں۔کشن ریڈی نے کہا کہ کانکنی تبھی پائیدارہوسکتی ہے جب وہ فطرت اورانسان دونوں کا یکساں خیال رکھے۔ان کا مزید کہنا تھا کہ پائیدارکانکنی اس وقت ہی ممکن ہے جب اس کے پیچھے ایک مضبوط پالیسی اورموثر طرزحکمرانی ہو۔تمام متعلقہ فریقین کے درمیان ہم آہنگی کی ضرورت پرزوردیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کی قیادت میں ہندوستان کے کانکنی کے شعبہ میں ایک زبردست تبدیلی رونما ہوئی ہے۔اس سے قبل مرکزی وزیر نے 24ویں نیویلی کتاب میلے کا افتتاح بھی کیا اور تانبے اورالمونیم پر ایک وژن ڈاکیومنٹ جاری کیا۔ اس بین الاقوامی کانفرنس میں ہندوستان سمیت کئی ممالک سے ممتاز شخصیات نے شرکت کی۔

Sound  Byte

CM-TPCC:

وزیراعلیٰ اورٹی پی سی سی صدرریونت ریڈی نے آج کہا کہ تلنگانہ طرز حکمرانی، فلاحی اسکیمات اورسیاسی تبدیلی کے معاملے میں پورے ملک کیلئے ایک مثالی ریاست بن کراُبھر رہا ہے۔گاندھی بھون میں منعقدہ تلنگانہ پردیش کانگریس کمیٹی کے توسیعی عاملہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے ریاست میں کانگریس حکومت کی کامیابیوں کواجاگر کیااور مستقبل کے لائحہ عمل اورویژن پرروشنی ڈالی۔ریونت ریڈی نے کہا کہ کانگریس حکومت کی قیادت میں تلنگانہ نے مرکز پردباؤ ڈال کرذات پرمبنی مردم شماری کوقومی سطح پر شامل کروایا، جوسماجی انصاف کی سمت ایک بڑااقدم ہے۔انہوں نے کہا کہ 2029 کے انتخابات نئی قیادت کوآگے لانے کا پلیٹ فارم بننے چاہئیں۔جو لوگ قیادت کے خواہشمند ہیں، انہیں ابھی سے کام شروع کرنا ہوگا۔ریونت ریڈی نے پارٹی کارکنوں سے اپیل کی کہ وہ زمینی سطح پر جائیں، فلاحی اسکیمات کوموثر انداز میں نافذ کرنے میں مدد کریں اورمتحد ہوکر کام کریں تاکہ کانگریس ریاست میں مسلسل دوسری باراقتدار حاصل کرسکے۔ٹی پی سی سی نے اعلان کیا کہ وہ ریاست گیرمہم ساجک نیائے سماربھیری سبھا کا آغاز کرے گی، جس کا مقصد آئندہ بلدیاتی انتخابات کے لئے عوامی حمایت حاصل کرنا ہے۔

ROSAIAH

سابق وزیراعلیٰ اورگورنر کے روشیا کے 9 فٹ اونچے کانسہ کے مجسمہ کی آج اُن کی سالگرہ کے موقع پراے آئی سی سی صدر ملکارجن کھرگے نے لکڑی کا پل، حیدرآباد میں نقاب کشائی کی۔450 کلو وزنی یہ مجسمہ لکڑی کا پل میٹرو اسٹیشن کے قریب ایک مصروف چوراہے پرنصب کیا گیا ہے۔اس تقریب میں تلنگانہ کے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی، نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکا، وزراء ڈی سریدھر بابو، کومٹی ریڈی وینکٹاریڈی، ٹی پی سی سی صدر مہیش کمار گوڑ اور وشیاخاندان کے افرادشریک تھے۔اس موقع پرخطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا کہ کے روشیا ایک اصول پسند اورمثالی قائد تھے جنہوں نے عوامی زندگی میں گہرااثر چھوڑا۔انہوں نے کہا کہ روشیا کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ انہوں نے متحدہ آندھراپردیش میں بطوروزیرخزانہ 16 مرتبہ ریاستی بجٹ پیش کیا۔ان کا سیاسی کیریئر بے داغ تھااورانہوں نے ہرعہدے پروقار، سادگی اور جوابدہی کا مظاہرہ کیا۔

WEATHER

محکمہ موسمیات نے آج جاری کردہ اپنی روزانہ رپورٹ میں بتایا کہ تلنگانہ کے مختلف اضلاع میں آئندہ پانچ دن کے دوران کہیں کہیں گرج چمک کے ساتھ بارش اور تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔رپورٹ میں مزید کہا گیا کہ اگلے سات دنوں کے دوران ریاست کے چند مقامات پر ہلکی سے درمیانی بارش یا گرج چمک کے ساتھ بارش ہو سکتی ہے۔اس وقت ریاست پر جنوب مغربی مانسون کمزور ہے، تاہم گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ریاست کے چند علاقوں میں بارش ریکارڈ کی گئی ہے۔

FIT INDIA

فٹ انڈیا سنڈے آن سائیکل مہم کا 30 واں ایڈیشن اتوار کو ملک بھر کے 6 ہزار سے زائد مقامات پر منعقد کیا جائے گا۔اس پروگرام کو رہائشی ویلفیر اسوسی ایشنس کے اشتراک سے منعقد کیا جا رہا ہے۔اس ایک روزہ ایونٹ میں 50 ہزار سے زائد افراد صحت منداور آلودگی و موٹاپے سے پاک ہندوستان کے پیغام کے ساتھ سائیکلنگ میں حصہ لیں گے۔ مرکزی تقریب میجر دھیان چند نیشنل اسٹیڈیم، نئی دہلی سے روانہ کی جائے گی۔نوجوان اموراور کھیل کے مرکزی وزیر منسکھ مانڈویا نے کہا کہ فٹ انڈیا سنڈے آن سائیکل اب ایک عوامی تحریک بن چکی ہے۔ انہوں نے تمام شہریوں اور برادریوں سے اپیل کی کہ وہ اس مہم میں شامل ہوں اور سائیکلنگ ، یوگا جیسے فٹنس سرگرمیوں کو اپنا کر طرز زندگی سے جڑی بیماریوں سے بچیں۔

Holidy

ریاستی حکومت نے تمام تعلیمی اداروں بشمول اسکولوں اور کالجوں کے لیے اس ماہ کی 21 تاریخ کو، بونالُو تہوار کی مناسبت سے تعطیل کا اعلان کیا ہے۔ جڑواں شہروں میں یہ تہوار بڑے پیمانے پر منایا جاتا ہے۔ 13 اور 14 جولائی کو سکندرآباد کے اجینی مہانکالی مندر میں تقاریب مکمل ہونے کے بعد، بونالُو کی تقریبات 20 اور 21 جولائی کو جڑواں شہروں کے تمام منادر میں منائی جائیں گی، جو کہ اس تہوار کا اختتام ہے۔ یہ تقریبات 26 جون کو گولکنڈہ قلعہ میں پہلی بونم کی پیشکش سے شروع ہوئی تھیں۔

Haj 2026

مرکزی اقلیتی امور کے وزیر کرن رجیجو نے کہا ہے کہ حکومت ایک ہفتہ کے اندر حج 2026 کے لیے درخواستیں قبول کرنا شروع کر دے گی۔ آج نئی دہلی میں حج ریویو میٹنگ کے بعد میڈیا سے بات کرتے ہوئے، رجیجو نے تمام درخواست گزاروں سے کہا کہ وہ فارم بھر کر مقررہ وقت میں جمع کرائیں۔ انہوں نے حج کمیٹی آف انڈیا کو ہدایت دی ہے کہ وہ سعودی حکومت کو مقررہ وقت سے پہلے ادائیگی جمع کرائے۔ رجیجو نے مزید کہا کہ 65 سال سے زائد عمر کے عازمین کے لیے ایک ساتھی ہونا لازمی ہے۔ وزیر موصوف نے بتایا کہ حکومت مرد و خواتین کے لیے علیحدہ رہائش کی درخواست پر غور کر رہی ہے۔

Sound Byte.

Kharge

کانگریس صدر ملکارجن کھرگے نے تلنگانہ میں کانگریس حکومت کی حکمرانی کی تعریف کی اور پارٹی کارکنوں پر زور دیا کہ وہ نظم وضبط اور اتحاد کو برقرار رکھیں۔ آج گاندھی بھون میں منعقدہ ٹی پی سی سی کی ایگزیکٹو میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے، کھڑگے نے تلنگانہ میں کانگریس حکومت کی کوششوں کی تعریف کی کہ اس نے اپنے انتخابی منشور پر عمل درآمد کیا اور ریاست کو صحیح سمت میں آگے بڑھایا۔ انہوں نے حکومت اور پارٹی کارکنوں کی وابستگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ کانگریس واحد جماعت ہے جو اپنے وعدے پورے کرتی ہے۔ آئی سی سی صدر نے پارٹی میں ذمہ داری اور نظم وضبط کی اہمیت پر بھی زور دیا۔ اس اجلاس میں کئی سینئر کانگریس رہنماؤں نے شرکت کی، جن میں آئی سی سی جنرل سیکریٹری کے سی وینو گوپال، آئی سی سی انچارج مینکشی نٹراجن، نائب وزیر اعلی بھٹی وکرامارکا، اوتم کمار ریڈی، آئی سی سی سیکریٹری ویشوناتھن، اور دیگر شامل تھے۔

Road Safety

مرکزی وزیر مملکت برائے سڑک، ٹرانسپورٹ اور شاہراہیں، اجئے تامتا نے کہا ہے کہ ملک بھر میں حادثات کے مقامات اور "بلیک اسپاٹس" کی بڑی تعداد میں نشاندہی کی فوری ضرورت ہے تاکہ ان کے اسباب کا تجزیہ کیا جا سکے اور مناسب اصلاحی اقدامات کیے جا سکیں۔ نئی دہلی میں روڈ سیفٹی، فزیکل پلاننگ اور انوویشن پروگرام سے

خطاب کرتے ہوئے، انہوں نے تمام متعلقہ فریقین اور تعلیمی اداروں سے اپیل کی کہ وہ فعال طور پر شرکت کریں اور سڑکوں کو ہر مسافر اور راہ گیر کے لیے محفوظ بنائیں۔ وزیر موصوف نے کہا کہ حکومت کا مقصد سڑکوں کی حفاظت سے متعلق ایسے ٹھوس، شواہد پر مبنی اور قابلِ عمل سفارشات تیار کرنا ہے جنہیں ہر سطح پر نافذ کیا جا سکے۔

## Security

حیدرآباد شہر کے پولیس کمشنر سی وی آنند (آئی پی ایس) نے بتایا کہ محرم کے سوگ کے دنوں کے سلسلے میں شہر حیدرآباد میں مضبوط حفاظتی انتظامات کیے گئے ہیں۔ آج محرم کا آٹھواں دن ہے، اس موقع پر انہوں نے دارالشفاء، دابیر پورہ میں واقع درگاہ "بی بی کا علم" کا دورہ کیا، پھول اور "نذر" پیش کی۔ اس موقع پر انہوں نے خود سیکیورٹی اور ٹریفک انتظامات کا جائزہ لیا۔ بعدازاں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ محرم کے دن اب آٹھویں دن میں داخل ہو چکے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ محرم سے قبل کئی کوآرڈینیشن میٹنگز منعقد کی گئی تھیں جن میں حکومت کے وزرا، شیعہ مذہبی رہنما، پولیس اور دیگر محکموں کے افسران شامل تھے۔ ان ملاقاتوں میں ملنے والی تجاویز کی بنیاد پر تمام احتیاطی اقدامات کیے گئے۔

## CWC

سنٹرل واٹر کمیشن (CWC) نے آندھرا پردیش حکومت سے پولاورم- بنگا چیریا لنک پروجیکٹ (PBLP) کے بارے میں مکمل تفصیلات طلب کی ہیں، جس میں دریائے گوداوری کے گزشتہ تین دہائیوں کے سیلابی پانی کا ڈیٹا بھی شامل ہے۔ یہ درخواست 30 جون کو اس منصوبے کی ماحولیاتی منظوری مسترد کیے جانے کے بعد کی گئی ہے۔ یہ منظوری یونین وزارتِ ماحولیات، جنگلات و ماحولیاتی تبدیلی کی ایکسپرٹ اپریزل کمیٹی (EAC) نے قانونی، ماحولیاتی اور بین الریاستی تنازعات کے باعث مسترد کی تھی۔ جواب میں، آندھرا پردیش حکومت نے ایک خصوصی ٹیم تشکیل دی ہے تاکہ تاریخی سیلابی اعداد و شمار جمع کرے اور EAC کی جانب سے اٹھائے گئے اعتراضات کا ازالہ کیا جا سکے۔ یہ منصوبہ تلنگانہ کی جانب سے شدید مخالفت کا سامنا کر رہا ہے۔

ALLURI RAJU:

مرکزی وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے آج حیدرآباد میں مجاہد آزادی آلوری سیتارام راجو کی 128 ویں سالگرہ کے موقع پر انہیں خراجِ عقیدت پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ آلوری سیتارام راجو کی زندگی فخر، قربانی اور ناقابلِ شکست وژن کی علامت ہے۔ شِلپا کلا ویدیکا، حیدرآباد میں 128 ویں یومِ پیدائش کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے راج ناتھ سنگھ نے کہا کہ جب ہم آلوری سیتارام راجو اور رمپا بغاوت کو یاد کرتے ہیں، تو ایک نوجوان بصیرت رکھنے والے انقلابی کی تصویر سامنے آتی ہے، جس نے عوام کی خاطر اپنی جان قربان کر دی۔ وزیر دفاع نے مزید کہا، "جیسے ہی ہم ڈیجیٹل انڈیا اور نئے بھارت کے دور میں آگے بڑھ رہے ہیں، ہمیں اپنی تہذیبی جڑوں سے بھی جُڑے رہنا چاہیے — اور آلوری کا ورثہ وہی روح ہے جو ہمیں ایک کرتی ہے۔" مرکزی وزراء جی کشن ریڈی، گجیندر سنگھ شیکھاوت، سرینواس راجو اور دیگر معزز مہمانوں نے بھی آلوری سیتا رام راجو کی برطانوی راج کے خلاف جدوجہد اور قربانیوں کو زبردست خراج پیش کیا۔

Sound Byte

❍❍